حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

# ہدایت کی برکت

اسلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔

والصلاۃ والسلام علی رسولنامحمدٍ سیدُ الاولین والاخرین۔

مددیارسول اللہِ' مدد یا اصحابِ رسول اللہ' مددیامشائخین شیخ عبداللہ داغستانی' شیخ ناظم الحقانی۔ دستور۔

طریقتنا صحبہ والخیرفی الجمیہ۔

چونکہ دنیا آخری زمانے میں داخل ہو چکی ہے، ہم جہاں بھی جاتے ہیں، ہر جگہ لوگ شبہات میں پڑے ہیں۔ کیونکہ اس دنیا میں بہت زیادہ لوگ مصیبتیں جھیل رہے ہیں، تاہم اللہ عز و جل نے ہمیں خوش خبری دی ہے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

الَّذِينَ آمَنُواْ وَلَمْ يَلْبِسُواْ إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُوْلَئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ (قرآن ۶:۸۲)

"جو ایمان لاتے ہیں اور جو اپنے ایمان کو ناانصافی سے نہیں ڈھانکتے ـــــ وہ محفوظ رہیں گے، اور وہ ہدایت پاتے ہیں"

جو ایمان والے ہیں وہ یہاں ہمیشہ نہیں رہیں گے۔ دنیا، امتحان، مصیبتوں کی جگہ ہے ـــــ وہ اس علم کی روشنی میں اپنی زندگی بسر کرتے ہیں۔ چونکہ اُنکا ایمان مضبوط ہوتا ہے اور وہ دوسروں کو نقصان نہیں پہنچاتے، اللہ اُن کو حفاظت سے رکھتے ہیں اور وہ صراطِ مستقیم پر مرتے ہیں۔ صراطِ مستقیم، ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ عز وجل، لوگوں کا امتحان لیتے ہیں لیکن اکثریت ہار جاتی ہے کیونکہ اُنکا ایمان کمزور ہوتا ہے۔ وہ مصیبت میں پڑ جاتے ہیں اور کھو دینے کے ڈر میں اُنکی زندگیاں صَرف ہو جاتی ہیں۔

اب لوگ وقتاً فوقتاً سوچتے ہیں کہ کون ہمارا حکمران ہو گا۔ حقیقت میں، اگر اُنکا ایمان سچا ہو، اللہ اچھے لوگ بھیجتے ہیں۔ اور تب وہ بہتر زندگی گزار سکتے ہیں۔ لوگ یہ بھول چکے ہیں۔ یا تو ایمان ہے ہی نہیں، یا پھر کمزور ایمان، شیطان ایسے لوگوں کا بھائی بن جاتا ہے اور اُن کا کمزور ایمان بھی بجھا دینے کی کوشش کرتا ہے۔ جب اُنکا ایمان بجھ جاتا ہے، لوگ خود کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اُن کا خاتمہ بھی اچھا نہیں ہوتا۔

جب ہم کوئی آلہ خریدتے ہیں تو اُس کے ساتھ، فیکٹری ایک کتابچہ دیتی ہے۔ اللہ عز و جل ایک بہت بڑی کتاب، قرآن مجید دیے، ہمارے رسول ﷺ کو بھیجے اور ہمیں تعلیم اور ہدایت دیے ہیں کہ ہم 'ا' سے 'ے' تک کیسے کریں۔ یہ آپ کی غلطی ہے، جو آپ اس کی پیروی نہیں کرتے۔ تب آپ کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ آپ کسی اور کو قصور وار ٹھیرائیں۔ اللہ کا شکر گزار ہونا ضروری ہے۔ اللہ کا شکر کرنا، آپ کی اچھائیوں کو بڑھاتا ہے اور آپ کی زندگی آرامدہ ہو جاتی ہے۔

اللہ عز و جل ہمیں اس خوبصورت راستہ کی توفیق عطا فرمائیں۔ ہم سچے راستے سے بھٹک نہ جائیں، انشاء اللہ۔ اللہ ہمارے ایمان کی حفاظت کریں اور اسے اور بڑھائیں۔

ومن اللہ التوفیق۔

الفاتحہ

صحبتِ شیخ محمّد محمت عادل

بتاریخ ۱۵س نومبر ۲۰۱۸/ ۰۷ ربیع الاول ۱۴۴۰

اکبابا درگاہ، نمازِ فجر